118110 ـ دین پر عمل کرنے والے شخص سے شادی کرنے سے انکار پر گناہ

سوال

میں سولہ برس کی ہوں میرے رشتہ کے لیے دین کا التزام کرنے والے ایك نوجوان کی طرف سے پیغام آیا ہے جو مسجد کا مؤذن ہے لیکن میں اس سے شادی کی رغبت نہیں رکھتی؛ اس لیے کہ میں اس سے محبت نہیں کرتی بلکہ میں رشتہ مانگنے سے پہلے ہی اسے ناپسند کرتی تھی؛ تو کیا میرے اس انکار کی وجہ سے مجھے گناہ ہو گا، حالانکہ وہ اس میں داخل ہوتا ہے کہ جس شخص کا تمہیں دین پسند ہو اس سے اپنی لڑکی کی شادی کر دو ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

" اگر آپ کسی شخص سے شادی کی رغبت نہیں رکھتیں تو اس میں آپ پر کوئی گناہ نہیں چاہے وہ نیك و صالح ہی ہو؛ کیونکہ نیك و صالح خاوند کا اختیار نفسی راحت کے ساتھ ہے لیکن اگر آپ اسے اس کے دین کی وجہ سے ناپسند کرتی ہیں تو پھر اس میں آپ گنہگار ہونگی کیونکہ یہ ایك مومن سے کراہت شمار ہوتی ہے، اور مومن کے ساتھ اللہ کے لیے محبت کرنا واجب ہے.

لیکن آپ کا دینی طور پر اس سے محبت کرنا یہ لازم نہیں کرتا کہ آپ اس سے شادی بھی کریں جب تك آپ اس کی طرف نفسی طور پر مائل نہ ہوں " انتہی

فضيلة الشيخ صالح بن فوزان الفوزان حفظہ اللہ .